سوال

(102) کیا رمضان میں مانع حیض ادویات کا استعمال جائز ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا عورت کے لیے ماہ رمضان میں مانع حیض ادویات کا استعمال جائز ہے کہ نہیں؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت کے لیے ماہ رمضان میں مانع حیض ادویات کا استعمال جائز ہے جبکہ ماہر تجربہ کار امانت دار ڈاکٹر فیصلہ کریں کہ ان ادویات کا استعمال اس کے لیے نقصان دہ نہیں ہوگا اور نظام حمل کو وہ متاثر نہیں کریں گی۔ ویسے اس کے لیے بہتر یہی ہے کہ وہ ان ادویات کے استعمال سے گریز ہی کرے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے عورت کو رمضان میں حیض آنے پر روزہ چھوڑنے کی رخصت عطا کردی ہے اور اس کے لیے اس کو بحیثیت دین پسند کیا ہے۔ (سعودی فتویٰ کمیٹی)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 136

محدث فتویٰ